

نوٹس

# 16
# فیملی کی آمدنی کا مینجمنٹ

غذا، کپڑا اور مکان انسان کی بنیادی ضرورتیں ہیں۔ہم ان بنیادی ضرورتوں کو کیسے پورا کر سکتے ہیں؟ ہاں،ہمیں غذا، کپڑا اور رہائش (مکان) خریدنا ہوتا ہے۔کسی چیز کو خریدنے کے لیے ہمیں رقم کی ضرورت ہوتی ہے۔ہم یہ رقم کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں؟




جی، آپ کے والدین رقم کماتے ہیں، جس سے وہ گھر چلاتے ہیں اور سبھی فیملی ممبروں کی ضرورتوں کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔کیا آپ کے والد یا ماں دیگر وسائل سے اور بھی رقم کماتے ہیں یا آپ اور آپ کے بھائی بہن فیملی کی آمدنی میں اشتراک کرتے ہیں؟ آپ گھریلو کاموں جیسے صفائی، پوچھا لگانے، برتن یا کپڑے دھونے کے گھریلو آلات کی خود مرمت کرسکتی ہیں یا دوسروں کے لیے ٹائپنگ کا کام کر سکتے ہیں۔کمائی کی گئی اس زائد رقم یا بچائی گئی رقم سے ممبران فیملی اضافی ضرورتوں کو پورا کر سکتے ہیں۔

اگر ضرورتیں پوری کرنے کے لیے رقم یا آمدنی کو محتاط انداز میں استعمال کیا جاتا ہے تو ہم اپنے اہداف کو حاصل کرنے کے ساتھ کچھ رقم بچا بھی سکتے ہیں۔اس سبق میں ہماری توجہ فیملی آمدنی کے مینجمنٹ پر مبذول ہوگی۔آیئے پتہ کریں کہ کس طرح ہم اسے انجام دے سکتے ہیں۔

## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ:

- فیملی کی آمدنی کی تعریف کرسکیں گے؛
- فیملی آمدنی کے وسائل درج فہرست کرسکیں گے؛





- اخراجات اور بچت کی تعریف کرسکیں گے؛
- فیملی آمدنی کے مینجمنٹ کا مقصد بیان کرسکیں گے؛
- فیملی آمدنی کے مینجمنٹ کے عمل کی وضاحت کرسکیں گے؛
- اخراجات کے منصوبے (بجٹ) کی تعریف اور اہمیت بیان کرسکیں گے؛
- فیملی کے لیے بجٹ تیار کرسکیں گے اور
- اپنی فیملی کے بجٹ کا جائزہ لے سکیں گے اور مطلوبہ تبدیلیوں کی تجویز دے سکیں گے۔

## 16.1 آمدنی اور اس کے وسائل

رقم کی شکل میں جو کچھ کمایا جاتا ہے اور فیملی میں آتا ہے اسے اس کی آمدنی کہا جاتا ہے۔ یہ آمدنی مختلف وسائل سے آسکتی ہے۔

### 16.1.1 آمدنی کے وسائل

آمدنی ملازمت سے ملنے والی تنخواہ، گھر یا دکان کے کرایے یا جز وقتی کلاسوں بینک سے ملنے والے سود یا شیئر کی فروخت یا دیگر سرمایہ کاری سے حاصل ہوسکتی ہے۔ یہ کمائی ہماری ہنرمندیوں یا مہارتوں کے استعمال یا آپ کی گھر پر تیار کی جانے والی چیزوں کے منافع سے حاصل کی جاتی ہے۔
جب آپ اپنی مہارتوں جیسے فیملی کے ممبروں کے کپڑوں کی سلائی یا اپنے استعمال کے لیے گھر پر سبزیاں اگانے یا فیملی ممبروں کے لیے سویٹر بننے سے آپ کو کوئی رقم ہاتھ نہیں آتی، لیکن آپ رقم کی بچت کرلیتے ہیں جو آپ سلائی کے لیے درزی کو دے سکتے تھے یا سویٹر یا سبزیاں وغیرہ خریدنے کے لیے دے سکتے تھے اس طرح کی بچت آپ کی آمدنی میں شامل ہوتی ہے۔

سبھی وسائل جیسے فیملی ممبروں کی تنخواہ، کرایہ اور بینکوں سے حاصل کردہ سود یا فیملی ممبروں کے ہنر کا استعمال کرکے کی جانے والی بچت سے ہونے والی آمدنی فیملی آمدنی ہے۔

آمدنی کو مفت طبی سہولیات، بچوں کی مفت تعلیم یا بغیر کرایہ کے مکان میں رہائش جیسی مفت سہولیات کا استعمال کرکے بچایا جاسکتا ہے۔ کیا آپ فیملی آمدنی کی تعریف کرسکتے ہیں؟

## متن پر مبنی سوالات 16.1

1۔ دیے گئے متبادلات سے صحیح متبادل کا انتخاب کرکے بیان کو مکمل کریں۔



نوٹس

a۔ آمدنی کا مطلب ہے۔
i۔ رقم
ii۔ گھر
iii۔ فرنیچر
iv۔ یہ سبھی

b۔ فیملی آمدنی کا مطلب ہے۔
i۔ گھر میں رہنے والے سبھی متعلقہ افراد کی آمدنی
ii۔ ملک میں تیار کی جانے والی اشیا اور خدمات
iii۔ اشیا اور خدمات کو استعمال کرنے کا حق
iv۔ درج بالا سبھی

## عملی کام 16.1

1۔ اپنے والدین سے بات کیجیے اور اپنی فیملی آمدنی کے وسائل کو درج فہرست کیجیے۔

2۔ اپنے فیملی ممبروں کی ہنرمندیوں کو درج فہرست کیجیے۔ انھیں مشورہ دیجیے کہ وہ اپنے ہنر کا استعمال کر کے کس طرح فیملی آمدنی میں تعاون کر سکتے ہیں۔ ان سے کہیے کہ فروخت کے لیے کچھ اشیا تیار کریں۔

فیملی ممبروں کے ذریعہ تیار کی گئی اشیا کے فروخت کی منصوبہ بندی اور تنظیم کریں۔ اپنے دوستوں اور فیملی ممبروں سے درخواست کریں کہ وہ درج ذیل سوالوں کے لحاظ سے کی گئی ساری کوششوں اور اصلاح کے لیے تجاویز کے ساتھ ہونے والی دریافت کی رپورٹ کا جائزہ لیں۔

i۔ کیا فروخت کے لیے جگہ، تاریخ اور وقت مناسب تھا؟
ii۔ فروخت اور سجاوٹ ٹھیک ٹھاک تھی یا نہیں؟
iii۔ فروخت کی گئی اشیاء بہت زیادہ مہنگی نہیں تھیں۔
iv۔ اشیا اچھی طرح تیار کی گئی تھیں۔
v۔ فروخت کے لیے کیا بہت سے لوگ آئے تھے؟
vi۔ کیا نفع ملنے سے فیملی کو ترغیب ملی کہ وہ فروخت کے لیے مزید اشیاء تیار کرے؟



نوٹس

## 16.2 اخراجات

ہم آمدنی سے اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے مختلف چیزوں کو خریدنے کے لیے خرچ کرتے ہیں انھیں اخراجات (expenditure) کہا جاتا ہے۔ آیئے ہم سبھی مدوں اور خدمات کی ایک فہرست بنائیں، جن پر فیملی کی آمدنی خرچ ہوتی ہے۔ آپ کی فہرست میں درج ذیل دیے مختلف مد اور خدمات شامل ہوسکتی ہیں۔

غذا

مکان

کپڑا

تعلیم

ٹرانسپورٹ

میڈیکل اخراجات

تفریح

دیگر متفرق اخراجات

آیئے اب اخراجات کی تعریف کریں

آمدنی سے فیملی میں رقم (روپیہ پیسہ) آتا ہے، جب کہ اخراجات میں رقم باہر جاتی ہے اس بنا پر یہ کسی کے لیے دستیاب نہیں ہوتی۔

### عملی کام 16.2

اپنی فوری ضرورتوں (قلیل مدتی اخراجات) اور ان ضرورتوں کی ایک فہرست بتایئے، جنھیں بعد کی تاریخ میں (طویل مدتی اخراجات) پورا کیا جاسکتا ہے۔

## 16.3 بچت

فیملی میں آنے والی آمدنی کا ایک حصہ مستقبل کے استعمال کے لیے بھی الگ رکھا جاتا ہے۔ یہ رقم جو الگ رکھی جاتی ہے اسے بچت کہا جاتا ہے اور ان کا استعمال مستقبل میں کسی مقصد کے لیے جیسے فیملی کی ضروریات یا ناگہانی صورت حال میں، بچوں کی شادی یا اعلیٰ تعلیم، بڑھاپے میں تحفظ، صحت سے متعلق



نوٹس



ناگہانی صورت حال یا تعیشی اشیا وغیرہ کے لیے کیا جا سکتا ہے۔

**بچت وہ رقم ہے جو ضرورت کے وقت استعمال کے لیے فیملی کے ذریعہ بچا کر رکھی جاتی ہے۔**

## 16.4 آمدنی کے مینجمنٹ کی ضرورت

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ کچھ رقم کی بچت کی گئی ہے، اخراجات آمدنی سے ضرور کم ہونا چاہیے۔ اپنی آمدنی سے ضرورت کو پورا کرنے کے لیے آپ کو اخراجات کی منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسے آمدنی کے بندوبست (Managing Income) کے طور پر جانا جاتا ہے اور دانشمندانہ طور پر استعمال کی جاتی ہے تاکہ آپ کی تمام ضرورتیں پوری ہوسکیں۔ اس کے لیے آپ کو اخراجات کا ایک منصوبہ تیار کرنا ہوگا۔

**ایک منصوبۂ اخراجات ہی رقم کو خرچ کرنے کا منصوبہ بند طریقہ ہے۔ یہ کسی فیملی کی کل آمدنی پر مبنی ہوتا ہے۔ اس سے فیملی کو اپنی آمدنی کے حد میں زندگی گزارنے اور مستقبل کی ضرورتوں اور ہنگامی صورت حال کے لیے رقم بچانے میں بھی مدد ملتی ہے۔**

## 16.5 خرچ کرنے کا منصوبہ یا بجٹ کیا ہے؟

یہ اصل میں فیملی کے تمام ارکان کی ضرورتوں کی ایک فہرست ہے، جو ان ضرورتوں کو پورا کرنے میں ہر مد کے لیے مختص کی گئی رقم پر مبنی ہے۔ اسے انجام دینے کی اہلیت حاصل کرنے کے لیے آپ کو فیملی کی آمدنی کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔ خرچ کا منصوبہ کیوں بنایا جاتا ہے؟

- اگر آپ خرچ کا منصوبہ نہیں بناتے تو ہم شاید اپنے پاس موجود رقم سے زیادہ خرچ کردیں۔ لہٰذا اگر ہمارے اخراجات ہماری آمدنی سے زیادہ ہیں تو نتیجتاً ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ہمیں رقم ادھار لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

  اخراجات < آمدنی ———————— ادھار۔

  (< مطلب آمدنی سے زیادہ)

- پریشانی سے بچنے کے لیے اپنا خرچ منصوبہ بنائیں اور رقم کی بچت کرنے کے لیے آمدنی کی نسبت خرچ کو کم رکھیں۔

  اخراجات > آمدنی ———————— بچت۔

  (> کا مطلب ہے کم)



نوٹس

## 16.6 خرچ کا منصوبہ کیسے بنائیں؟

اپنے خرچ منصوبے کے لیے درج ذیل اقدامات کا استعمال کریں۔

1۔ یہ ذہن میں رکھیں کہ آپ کی تمام آمدنی اور سہولیات اس مدت کے لیے ہیں، جس کے لیے آپ خرچ کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔

2۔ ان سبھی ضروریات (اشیا اور خدمات) کی فہرست بنائیں اس مدت کے لیے جن کی ضرورت فیملی کے ممبران کی ہو۔

3۔ ان ضروریات کی ترجیحات مقرر کریں۔

4۔ کل آمدنی کو ذہن میں رکھتے ہوئے فنڈ کو مختص کریں۔ اس سے رقم اور دیگر وسائل کے موثر استعمال میں مدد ملے گی۔

5۔ خرچ کا منصوبہ متوازن ہو۔ اس میں سے کچھ رقم بچانے میں بھی مدد ملے گی۔ دوسرا قدم تمام ضروریات (خاص زمرہ) کی فہرست بنانا ہے۔ سبھی فیملیوں کا اپنا خود کا صرف یا خرچ منصوبہ ہوتا ہے، جو ان کی ضرورتوں کے مطابق ہوتا ہے۔

آپ کی فیملی میں اخراجات کے درج ذیل زمرے ہو سکتے ہیں:

| خاص زمرہ | ذیلی زمرہ | تعین |
|---|---|---|
| غذا | • تازہ کھانا<br>• پراسس شدہ کھانا | |
| مکان | • کرایہ<br>• مرمت اور دیکھ ریکھ | |
| کپڑے | • سلے سلائے/کپڑے کی خریداری<br>• مرمت وسلائی<br>• ڈرائی کلینگ اور دھلائی | |
| تعلیم | • کتابیں<br>• فیس<br>• اسٹیشنری<br>• پیشہ ورانہ اخراجات | |



نوٹس



| | | |
|---|---|---|
| گھریلو اخراجات | • ایندھن<br>• گھریلو رسد<br>• تنخواہ کی ادائیگی والی خدمات (نوکر) | |
| ٹرانسپورٹ | • ذاتی (آٹو موبائل)<br>• عوامی (پبلک) | |
| عوامی سہولیات | • بجلی<br>• ٹیلی فون و پانی<br>• ڈاک | |
| گھر کو آراستہ کرنا | | |
| میڈیکل اخراجات | • بالغان<br>• بچے | |
| ٹیکس | • آمدنی<br>• جائیداد یا مکان | |
| تفریح | • بالغان<br>• بچے | |
| فیملی ممبروں کے ذاتی الاؤنس | | |
| ناگہانی صورت حال | | |
| بچت | • بچت جمع<br>• بیمہ<br>• سرمایہ کاری | |

## متن پر مبنی سوالات 16.2

ہر اخراجات کے سامنے بجٹ کی مدیں لکھنے کے ذریعہ درج ذیل جدول کو پُر کیجیے۔ پہلا مد آپ کے لیے نمونے کے طور پر دیا گیا ہے۔



نوٹس

| | اخراجات | خرچ کی مد |
|---|---|---|
| 1- | ٹیپ کی مرمت | مکان |
| 2- | اسپرین گولیوں کا پیکٹ/ پٹی خریدنا | |
| 3- | بس کے ذریعہ دوست کے گھر جانا | |
| 4- | گھر کے باہر کھانا کھانا | |
| 5- | ٹوتھ برش خریدنا | |
| 6- | اسکول کے لیے پانی کی بوتل خریدنا | |
| 7- | گھر پر ٹیلی فون کنکشن لگانا | |
| 8- | بجلی کے بلوں کی ادائیگی | |

## 16.7 ہر مد پر کتنا خرچ کرنا ہوتا ہے؟

ہر فیملی کی اپنی خود کی ضرورتیں ہوتی ہیں، جو دوسری فیملیوں سے مختلف ہوتی ہیں۔ (ایک طالب علم کی حیثیت سے آپ کی ضرورتیں بھی جیسے کتابیں، کاپی، پنسل، قلم، ربر وغیرہ دیگر طلبا سے مختلف ہوں گی۔ مختلف مدوں پر کوئی فیملی کتنا خرچ کرتی ہے۔ یہ مختلف عوامل پر منحصر ہوتا ہے۔

آیئے اب ہم ان عوامل پر غور کریں:

i- آمدنی: تمام وسائل سے حاصل فیملی کی کل آمدنی بنیادی طور پر یہ فیصلہ کرنے میں مددگار ہوتی ہے کہ مختلف مدوں پر کتنا خرچ کیا جاتا ہے۔ جتنی زیادہ آمدنی ہوگی اتنا ہی زیادہ مختلف مدوں پر رقم خرچ ہوگی۔

ii- فیملی کا سائز: فیملی ممبروں کی تعداد جتنی ہوگی اتنا ہی کھانے اور کپڑے پر خرچ ہوگا۔ لہٰذا فیملی تفریح اور آرام دہ اشیا پر کم خرچ کر پائے گی۔

iii- فیملی ممبروں کی عمر: اگر اسکول جانے والے بچے ہیں تو تعلیم، اسکول یونیفارم، اسٹیشنری وغیرہ پر خرچ زیادہ ہوگا۔

iv- رہائش کی جگہ: دہلی اور ممبئی جیسے بڑے شہروں میں رہنے، غذا، گھر کے کرائے، سفر کے اخراجات اور اسکول کی فیس وغیرہ چھوٹے قصبوں اور گاؤں کے مقابلے زیادہ ہوتی ہے۔

v- ہنر: اگر کچھ فیملی ممبروں میں بعض ہنر جیسے مربہ وغیرہ بنانے یا گھریلو مرمت جیسے بجلی کے ساز و سامان کی مرمت، نجاری (بڑھئی کا کام) وغیرہ جانتے ہیں تب فیملی کو اس طرح کی مرمت پر کم



نوٹس



خرچ کرنا ہوتا ہے۔

vi۔ بچت: مستقبل کی ضرورتوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے۔

## • ان ضرورتوں کی ترجیحات

آپ کو اپنے فیملی ممبروں کی تمام ضروریات کو درج فہرست کرنا ہوتا ہے۔خرچ کا منصوبہ تیار کرنے سے یہ اہم ہے کہ سبھی ضرورتوں کی ترجیحات مقرر کی جائیں۔ نیچے مخصوص فیملی کے مطابق ضرورتوں کی ایک ترجیحی فہرست دی گئی ہے۔آپ اس بات سے متفق ہوں گے کہ ہر فیملی کی ضروریات اور ترجیحات مختلف ہوتی ہیں۔


### عملی کام 16.3

- ایک ہفتے کے لیے اپنے خود کے اخراجات کی ایک فہرست بنائیے اوران کی ترجیحات مقرر کیجیے۔
- اپنے دوست سے بھی کہیں کہ وہ بھی ایسا ہی کرے
- اپنی ترجیحی فہرست کا تجزیہ کریں اور اپنے دوست سے اس میں اگر کوئی ادھوراپن ہے تو بات کریں۔

## • فنڈ کا تعین

آپ کے پاس اخراجات کی فہرست تیار ہے اور آپ جانتے ہیں کہ آپ کے پاس کتنی رقم موجود ہے۔اب آپ کو اپنی آمدنی کے مطابق مختلف مدوں کے لیے رقم کا تعین کرنا اور یہ دیکھنا ہے کہ آپ اپنی آمدنی سے کتنی بچت کر پاتے ہیں۔

| خرچ کی مد | رقم (روپے) |
|---|---|
| غذا(35%) | 3500 |
| مکان(20%) | 2000 |
| کپڑا(5%) | 500 |
| فیملی تفریح(5%) | 500 |
| گھریلو کام(6%) | 600 |





نوٹس

| | |
|---|---|
| تعلیم (5%) | 500 |
| ٹرانسپورٹیشن (8%) | 800 |
| میڈیکل اخراجات (3%) | 300 |
| گھر کی آراستگی (3%) | 300 |
| بچت (10%) | 100 |
| کل | 10,000 |

جدول 16.1: فیملی کے لیے مختلف مدوں کے اخراجات

اس جدول میں اخراجات کی خاص مدیں دکھائی گئی ہیں۔ آپ اپنے خرچ کا منصوبہ بناتے وقت ہر مد پر اخراجات الگ الگ تفصیل سے تحریر کر سکتے ہیں۔

- **بچت کی رقم**

ہر فیملی کو اس کے ممبروں کی تعداد یا عمر چاہے جتنی ہو بعد کی ضرورتوں کے لیے اپنی ماہانہ آمدنی کے ایک حصّے کی بچت ضرور کرنی چاہیے۔ مستقبل کی یہ ضرورتیں بچوں کی تعلیم یا شادی، میڈیکل اخراجات، مکان بنانے، کار یا ریفریجریٹر خریدنے وغیرہ کی ہوسکتی ہیں، جو فیملی کی ضرورتوں کی بنیاد پر ہوتی ہیں، فیملی کو خرچ کرنے سے بچت کرنے کی طرف توجہ مبذول کرنی ہوگی۔ ایک رہنمائی کے طور پر یہ صلاح دی جاسکتی ہے کہ ماہانہ آمدنی کا تقریباً 10% بچت کرنا چاہیے۔

- **خرچ منصوبے کو متوازن کرنا**

خرچ منصوبہ تیار کرتے وقت آپ اپنی ضرورت کے مطابق ہر مد میں اخراجات درج کر سکتے ہیں۔ خرچ منصوبہ تیار کرنے میں سب سے اہم اور مشکل قدم توازن کرنا ہے یعنی خرچ کا منصوبہ آمدنی سے کم بنانا ہے۔ تجربے کی بنیاد پر ہم اس فن میں ماہر ہوسکتے ہیں۔

اسے انجام دینے کے دو طریقے ہیں:



نوٹس



## توازن برقرار رکھنا

اس کے دو طریقے ہیں




| زیادہ کمانا | اخراجات میں کمی کرنا |
|---|---|
| • اپنی استعداد، ہنر اور علم کے مطابق اضافی آمدنی کے دوسرے وسائل دریافت کرنا جیسے ٹیوشن لینا، کپڑوں کی سلائی، دستکاری کی اشیا بنانا وغیرہ۔<br>• جز وقتی کام، خالی اوقات کا استعمال، گھریلو پیداوار جیسے کچن گارڈن، مرغی پالن، شہد مکھی پالن اور محفوظ شدہ غذا شمار کرنے وغیرہ کے ذریعہ آمدنی بڑھانا<br><br><br>"We are spending entirely too much on bills." | • غذا کو ضائع نہ کریں<br>• باہر کھانے کی عادت میں کمی کریں<br>• بجلی، پانی وغیرہ پر زیادہ خرچ کی جانچ کریں<br>• گھر پر آئرن کرنا اور دھونا<br>• اسٹیشنری یعنی پیپر، پنسل وغیرہ کا کفایتی استعمال<br>• پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال<br>• رکشہ کے بجائے سائیکل کا استعمال<br>• کہانی کی کتابیں خریدنے کے بجائے پبلک لائبریری کا استعمال<br>• چھوٹ اور نسبتاً کم قیمت والی جگہوں کو تلاش کرنا<br>• ایک ہی بار میں خریداری<br>• ان مدوں کے لیے فنڈ آخر میں مختص کرنا جو ضروری نہیں ہیں۔ |

یہ کچھ ایسے طریقے ہیں، جن کے ذریعہ آپ اضافی فیملی آمدنی میں مدد کرسکتے ہیں۔ اس لیے بہترین بجٹ وہی ہے، جس میں آمدنی اور اخراجات کا تعین متوازن ہوتا ہے۔



نوٹس




تصویر 16.1

خرچ کا منصوبہ:

- ترنگ میں آکر کی جانے والی خریداری کی حوصلہ شکنی کریں یعنی ان چیزوں کی خریداری سے دور رہیں، جن کی آپ کو ایک مخصوص وقت پر ضرورت نہ ہو۔
- خرچ کا منصوبہ تیار کرنے سے آپ کے سارے فیملی ممبروں کی سبھی ضرورتوں کو پورا کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اس کے لیے آپ ایک فہرست بنائیں، ہر مد کے لیے رقم مختص کریں اور خرچ منصوبے کے مطابق انھیں خرچ کریں۔

5 ممبروں یعنی والدین، دادی اور دو اسکولی بچوں کی فیملی کے لیے خرچ منصوبہ یا بجٹ تیار کریں

| | | |
|---|---|---|
| والد کی آمدنی ملازمت سے | = | 16,000 روپے |
| ماں کی آمدنی ملازمت سے | = | 14,000 روپے |
| بینک سے سود (بچت کھاتے کے) | = | 1,000 روپے |
| کل آمدنی | = | 31,000 ماہانہ |

اب آپ کا خرچ منصوبہ تیار ہے اور آپ نے اسے متوازن بھی کیا ہے۔ سبھی اخراجات کے ریکارڈ رکھنا آخری پہلو ہے۔

آپ کو اخراجات کا ریکارڈ کیوں رکھنا چاہیے؟ کیونکہ اس سے آپ کو مدد ملے گی:

- یہ جاننے میں کہ آپ نے ہر مد پر کتنا خرچ کیا ہے۔
- یہ جاننے میں کہ آیا آپ نے پچھلے مہینے کی بنسبت کچھ خاص مدوں پر زیادہ یا کم خرچ کیا ہے



نوٹس

- ان مدوں پر رقم نہ خرچ کر کے کسی غیر ضروری خرچ پر کنٹرول کرنا
- مستقبل کی ضرورتوں کے لیے منصوبہ بندی
- رقم کی بچت
- نئی قیمتوں کے ساتھ پرانی قیمتوں کی جانچ یا موازنہ
- دھوکہ کھانے سے بچنا

درج ذیل جدول سے آپ کو اندازہ ہوگا کہ کس طرح ہر مہینے کے اخراجات کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے۔

## جدول 16.2

### اخراجات کا ریکارڈ

ماہ__________ سال__________

| نمبر شمار | مد | ہفتہ 1 | ہفتہ 2 | ہفتہ 3 | ہفتہ 4 | کل |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | **غذا**<br>اناج<br>دالیں سبزیاں<br>پھل<br>دودھ<br>گھی/تیل<br>مکھن<br>مسالے<br>انڈا، گوشت<br>دیگر | | | | | |
| 2۔ | **مکان**<br>کرایہ<br>مرمت<br>ہاؤس ٹیکس | | | | | |



نوٹس

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 3- | **کپڑے**<br>کپڑا<br>کپڑا سلا سلایا<br>درزی<br>دھوبی<br>پریس (آئرن)<br>جوتے، چپل، سینڈل<br>موزے، رومال<br>زیر جامہ<br>اسکول یونیفارم | | | | | |
| 4- | **تعلیم**<br>اسکول فیس<br>کتابیں/اسٹیشنری وغیرہ | | | | | |
| 5- | **گھریلو بل**<br>بجلی کا بل<br>پانی کا بل<br>اسی طرح کا کوئی اور | | | | | |
| 6- | **میڈیکل اخراجات**<br>ڈاکٹر کی فیس<br>دوائیں | | | | | |
| 7- | **ٹرانسپورٹ**<br>بس کا کرایہ<br>میٹرو کا کرایہ<br>پٹرول<br>سائیکل، کار وغیرہ کی مرمت،<br>سروسنگ | | | | | |
| 8- | **بچت** | | | | | |
| 9- | **کوئی دیگر مد** | | | | | |



نوٹس

## 16.8 ایک اچھے بجٹ کی خصوصیات

a۔ **آمدنی کا اصل تخمینہ:** آمدنی کی وہ صحیح رقم معلوم کریں جو آپ کے اخراجات کے لیے دستیاب ہے۔ (فیملی کی مجموعی آمدنی اس کی ٹیکس وغیرہ کی کٹوتی کے بعد وصول ہونے والی آمدنی (Take home pay) سے مختلف ہوتی ہے۔)

b۔ **اخراجات کا اصل اندازہ:** اخراجات کا اندازہ جہاں تک ممکن ہو درست ہونا چاہیے۔ پچھلے سال کے بجٹ یا پچھلے اخراجات اور بچت کے ریکارڈ سے استفادہ کریں۔

c۔ **رقم کا معقول درست تعین:** اخراجات کی طرح وسائل معقول طور پر درست ہونے چاہییں، فیملی کو اپنی موجودہ ضرورتوں اور احتیاجات کے تعین کا اہل ہونا چاہیے اور مستقبل کا اندازہ لگانے (مثال کے لیے کچھ فیملیاں جو اکتوبر- نومبر کے لیے بجٹ بنارہی ہیں، انھیں تہواروں اور دیگر مواقع پر خرچ کرنے کے لیے اضافی خرچ کی رقم کی ضرورت ہوگی) کی بھی اہلیت ہونی چاہیے۔

d۔ **لچکدار:** بعض مدوں پر کافی فرق (Margin) رکھ کر بجٹ کو لچکدار بنایا جاتا ہے۔ اس کی بھی گنجائش ہونی چاہیے کہ آپ اپنی ضرورت کے مطابق کچھ رقم ایک مد سے دوسری مد میں منتقل کرسکیں۔ مثال کے لیے غیر متوقع اونچے میڈیکل اخراجات کے معاملے میں تفریح کی مختص رقم کو آسانی سے اس مد میں منتقل کیا جاسکتا ہے۔

### عملی کام 16.4

نیچے اخراجات کے کچھ زمرے دیے گئے ہیں۔ ہر فیملی ممبر سے کہیں کہ ان کی آزادانہ طور پر ترجیحات مقرر کریں اور نیچے سے موازنہ کریں۔

| چیزیں | زمرہ بندی بذریعہ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | باپ | ماں | آپ خود | بہن/ بھائی |
| غذا | | | | |
| کپڑا | | | | |
| تعلیم | | | | |
| تفریح | | | | |



نوٹس

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بلوں کی ادائیگی | | | | |
| میڈیکل اخراجات | | | | |

## متن پر مبنی سوالات 16.3

1۔ ہر بیان کے سامنے فراہم کی گئی جگہ میں صحیح کے لیے T اور غلط کے لیے F لکھیے۔ اگر غلط لکھا ہے تو ہر سوال کے نیچے دی گئی لائن میں صحیح جواب لکھیے۔

a۔ ________ بجٹ مختلف استعمال میں آمدنی کے تعین کا عمل ہے۔

b۔ ________ فیملی کے اہداف بجٹ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

c۔ ________ بجٹ آپ کو یہ فیصلہ کرنے پر مجبور کرتا ہے کہ دوسرے سے زیادہ اہم کیا ہے؟

d۔ ________ بجٹ سے طویل مدتی اہداف کو حاصل کرنے میں مدد نہیں مل سکتی۔

e۔ ________ بجٹ بنانے سے آپ کے مالیاتی مینجمنٹ میں مدد ملتی ہے۔

f۔ ________ بجٹ کا خاص مقصد آپ کی آمدنی کی حد میں آپ کی زندگی گزارنے کی گنجائش پیدا کرنا ہے۔

g۔ ________ فیملی ممبر کی آمدنی بجٹ کو متاثر نہیں کرتی۔

h۔ ________ بجٹ بنانے سے رقم کی بچت میں مدد ملتی ہے۔


i۔ ________ آمدنی سے حاصل بڑی رقم غذا پر خرچ کی جاتی ہے۔



نوٹس

## فیملی کی آمدنی کا مینجمنٹ

اب آپ رقم کے صحیح بندوبست کی اہمیت سمجھ گئے ہوں گے، کیونکہ یہ ایک اہم وسیلہ ہے۔ آپ کی فیملی کے ممبران آمدنی کمانے کے لیے سخت محنت کرتے ہیں۔ اسے ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ آپ جو جیب خرچ حاصل کرتے ہیں اس رقم کو گرفت میں رکھنے کی شروعات کریں۔ رقم کے مینجمنٹ کی اہمیت کو سمجھنے میں اپنے والدین کی بھی مدد کریں۔ اس کے علاوہ بجٹ تیار کرنے میں بھی ان کی مدد کریں۔



## آپ نے کیا سیکھا

کرایہ
مفت سہولیات
زمین
مکان
بینک کا سود
مہارتیں

آمدنی + بچت = اخراجات

اخراجات ← خرچ کا منصوبہ

خرچ کا منصوبہ — آپ کی مدد کرتا ہے:
- آپ کی آمدنی کی حد میں
- خرچ کرنے میں
- رقم بچانے میں
- ترغیبی یا ترنگ میں خریدنے سے بچانے میں
- سبھی ضرورتوں کو پورا کرنے میں

خرچ کا منصوبہ ← رقم کا تعین ← سبھی اخراجات کا ریکارڈ کرنا

سبھی اخراجات کا ریکارڈ کرنا — منحصر ہے:
- فیملی کی آمدنی پر
- فیملی کی سائز پر
- فیملی کے ممبروں کی عمر پر
- رہائش کی جگہ
- فیملی ممبروں کی مہارتیں
- بچائی بچانے والی رقم پر منحصر ہوتا ہے



نوٹس

## اختتامی سوالات

1۔ درج ذیل کی توضیح کیجیے۔

a۔ آمدنی زر

b۔ بالواسطہ اور بلا واسطہ آمدنی

c۔ بجٹ

2۔ فیملی کے خرچ منصوبے کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کوئی پانچ نکات بیان کیجیے۔

3۔ اچھے بجٹ کی خصوصیات درج فہرست کیجیے۔

4۔ اپنے دوستوں سے فیملی کے خرچ کے بارے میں بحث کرنے اور منصوبے بنانے کی درخواست کیجیے۔ اگر وہ ایسا کرنے کی خواش مند نہیں ہیں تو

- خرچ منصوبہ کی اہمیت کے دو اسباب کے بارے میں انھیں بتائیے۔
- انھیں ان کے خرچ منصوبے تیار کرنے میں مدد دیں۔
- منصوبے میں کسی طرح کی خامی کے لیے اسباب کی مدد سے اسے بہتر بنانے کا مشورہ دیجیے۔

5۔ اصطلاح ''خرچ منصوبہ'' کی تعریف کیجیے اور ان عوامل کی وضاحت کیجیے جن کی بنیاد پر مختلف مدوں پر رقم کے تعین کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔

6۔ درج ذیل فیملیوں کے لیے ایک سادہ سا خرچ منصوبہ تیار کیجیے:

(a والدین اور دو 12 اور 17 سال کے بچوں پر مشتمل چار لوگوں کی ایک فیملی ہے۔ وہ دہلی میں کرایے کے گھر میں رہتے ہیں۔ والد 5,000 روپے کی تنخواہ پاتے ہیں۔

(b چھ لوگوں کی فیملی جس میں دادا دادی، والدین اور دو اسکول جانے والے 8 اور 12 سال کی عمر کے بچے شامل ہیں۔ وہ ایک گاؤں میں رہتے ہیں اور چھوٹی سی کھیتی ہے جس سے ان کو 3000 روپے کی آمدنی ہوتی ہے، گاؤں کے اسکول میں طلبا سے کوئی فیس نہیں لی جاتی۔

## متن پر مبنی سوالات کے جوابات

**16.1**

1۔ پیداواری آمدنی: گھر کے باغ میں اگائی گئی غذا، جمع آٹو موبائل کا استعمال، گھر کا استعمال، ساز و



نوٹس

سامان کا استعمال

آمدنی زر: اجرتیں، گھر کا کرایہ، بینک کے جمع سے کمایا گیا سود

چھپی آمدنی: مفت راشن کوپن

2۔ خالی جگہوں کو بھریئے

a۔ پیداوار اور پائدار اشیا

b۔ رقم

c۔ نفسیاتی آمدنی

d۔ پوشیدہ آمدنی

3۔

a iii

b iv

c v

d ii

e i

4۔

a iv

b iv

c iii

**16.2** (i) گھر

(ii) میڈیکل اخراجات

(iii) ٹرانسپورٹ

(iv) تفریح

(v) گھریلو

(vi) تعلیم

(vii) عیش و آرام

(viii) غذا



نوٹس

16.3 a۔ صحیح
b۔ صحیح
c۔ صحیح
d۔ غلط
e۔ صحیح
f۔ صحیح
g۔ غلط
h۔ صحیح